# كربل تونے لوٹ لِيا گھر زھراء كا

كربل تونے لوٹ لِيا گھر زھراء كا　　　نھر رواں ھے اور پياسا گھر زھراء كا

اٰئے تيرے دامن ميں مھماں　　　باغ اُجاڑا كِيا ھے ويراں
ناحق كيوں برباد كِيا گھر زھراء كا

يہ كيسي مھمان كي خدمة　　　تين دِنو سے پياس كي شِدّة
قطرہء اٰب نھيں پايا گھر زھراء كا

اِبن حسن كي كيسي شادي　　　بھوكے پياسے سب باراتي
پاني كو بھي ترس گيا گھر زھراء كا

اِك اِك كر كے لاشيں اُٹھائے　　　سر سے پاں تك خوں ميں نھائے
لاشوں سے تھا بھرا ھوا گھر زھراء كا

گودي سے اور گھواروں سے بچھڑے ھیں بچّے ماؤں سے
شام تلك ویران ھوا گھر زھراء کا

جاؤ خدا حافظ اے اکبر دیکھ بھي لو اِك بار پلٹ کر
لگتا ھے ویران بھرا گھر زھراء کا

سجدہء حق سے سر نہ اُٹھایا سر دے کر اسلام بچایا
ھم پر احسان کر گیا گھر زھراء کا

✻✻✻✻✻